بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
وتعاونوا علی البر والتقویٰ
ادارہ اشاعت اسلام لاہور
بلغوا عنی ولو آیۃ

24

الجہاد

مولف

ڈاکٹر رانا محمد اسحاق (رحمۃ اللہ علیہ)

معاون

خالد مدنی (فاضل مدینہ یونیورسٹی)

★ ادارہ اشاعت اسلام ★
408 گلشن بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور 54570
7833300

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مجلس التحقیق الاسلامی کے زیر اہتمام

محدث لائبریری

کتاب وسنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب... عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

www.KitaboSunnat.com

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بسم اللہ الرحمن الرحیم
وتعاونوا علی البر والتقوی
ادارہ اشاعت اسلام لاہور
بلغوا عنی ولو آیۃ

24

الجہاد

مولف

ڈاکٹر رانا محمد اسحاق (رحمۃ اللہ علیہ)

www.KitaboSunnat.com

معاون

خالد مدنی (فاضل مدینہ یونیورسٹی)

★ ادارہ اشاعت اسلام ★
408 گلشن بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور 54570
7833300

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

جملہ حقوق محفوظ ہیں

نام: الجہاد

مرتب: ڈاکٹر رانا محمد اسحاق رحمۃ اللہ علیہ
(بانی رئیس) ادارہ اشاعت اسلام

تحقیق و تخریج: خالد مدنی (فاضل مدینہ یونیورسٹی ایم اے)
(چیئرمین) ادارہ اشاعت اسلام

پہلا ایڈیشن: اپریل 2000ء

شائع کردہ: ادارہ اشاعت اسلام

کمپوزنگ و ڈیزائننگ: (شعبہ کمپیوٹر) ادارہ اشاعت اسلام

مطبع: شرکت پرنٹنگ پریس، 43 نسبت روڈ- لاہور

کمپیوٹر کوڈ: (JHD:1)(6-12)(5-15)(4-18)(3-12)

قیمت: 30 روپے

ادارہ اشاعت اسلام

408- گلشن بلاک علامہ اقبال ٹاون لاہور- 54570

☎ 7833300

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

★ فرمان الٰہی عزوجل ★

★ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لاؤ اور اللہ کی راہ میں اپنے مال اور اپنی جان سے جہاد کرو۔ (سورت الصف/61)

★ ★ ★ ★ ★

★ ★ ★ ★

★ ★ ★

۹۹...
1210...

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

★ فرمان نبوی صلی اللہ علیہ وسلم ★

★ اللہ تبارک و تعالیٰ کے راستہ میں قتل ہونا قرض کے سوا سب گناہوں کا کفارہ ہے۔ (صحیح مسلم حدیث/1886)

★ ★ ★ ★ ★

★ ★ ★ ★

★ ★ ★

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

★ فہرست عنوانات ★

★ مصنف کا تعارف 7

★ حرف آغاز 10

★ پیش لفظ 15

★ جہاد کی تعریف 18

★ کتاب اللہ سے دلائل 19

★ سنت رسول ﷺ سے دلائل 23

★ حدیث غزوۃ الہند 30

★ کتب احادیث میں جہاد کی احادیث 31

★ مصادر کتب 43

★ ادارہ کی مطبوعات 44

★ ★ ★ ★ ★

★ ★ ★ ★

★ ★ ★

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

☆ مصنف کا تعارف ☆

☆معروف نام : ڈاکٹر رانا محمد اسحاق ☆ آبائی نام : محمد اسحاق
☆خاندانی نسبت : رانا راجپوت طور ☆ پیشہ وارانہ تعلیم : آر ایچ ایم پی + آر ایچ اینڈ ٹیننسٹ ☆ پیشہ : میڈیکل پریکٹس ☆ تاریخ پیدائش : 1940ء بمقام گلویانوالہ (تاندلیانوالہ) ضلع فیصل آباد

خاندان

پاک و ہند کے معزز و معروف خاندان راجپوت اور جس نے دہلی پر حکمرانی کی ہے' سے خاندانی تعلق ہے۔ جب کہ میرا سلسلہ نسب دنیا کے مشہور ترین عادل بادشاہ نوشیروان عادل سے ملتا ہے۔ یہ سلسلہ تفاخر نہیں بلکہ تعارفی ہے۔ اللہ تعالیٰ کے ہاں صرف اعمال کی قدر ہے نیز قدیم تاریخ دانوں نے جو یہ لکھا ہے کہ سرزمین عرب کا مشہور قبیلہ بنو قحطان جب ہندوستان میں آباد ہوا تو راجپوت کے نام سے مشہور ہوا۔ واللہ اعلم بالصواب

میرے دادا جان فیض پور کلاں جو لاہور کے قریب ہے' کے رہنے والے تھے یہیں پر زرعی زمین تھی' مبلغ صالح انسان تھے جن کا اسم گرامی میاں عبداللہ تھا۔

تقریباً" 1890ء کو زبردست سیلاب جو دریاء راوی میں آیا تھا' جس سے زمینیں دریا برد ہونے کی وجہ سے فیصل آباد کے قصبہ تاندلیانوالہ کے ایک مضافاتی گاؤں میں منتقل ہو گئے تھے جب کہ ننھیال والدہ محترمہ کا قبیلہ ضلع فیروزپور (ہندوستان) میں راجپوت بھٹی قبیلہ سے تھا جو قیام پاکستان کے بعد پتوکی ہجرت کرکے قیام پذیر ہو گیا۔ میرے بھائی تاندلیانوالہ میں قیام پذیر ہیں جن کا نام رانا محمد اسماعیل صراف ہے۔ یہ اللہ تعالیٰ معبود برحق کا مجھ پر دینی و دنیاوی انعام ہے کہ اس نے مجھے اور میری اولاد کو اسلام کی سرفرازی اور اس کی تبلیغ کے لئے توفیق عنایت فرمائی ہے' الحمدللہ۔

اسلامی تعلیم

1974ء تا 1980ء تک مدینہ یونیورسٹی میں عربی زبان اور اسلامک لاء کی تعلیم حاصل کی۔ سال 1960ء کو عملی زندگی طبی پریکٹس میں مشغول تھا کہ ان دنوں روزنامہ "کوہستان" جو پاکستان کے عظیم اسلامی ادیب جناب نسیم حجازی کی ادارت میں اس وقت لاہور سے نکلتا تھا' میں مدینہ یونیورسٹی کے قیام پر ایک مفصل فیچر

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

پڑھا، مطالعہ پر مدینہ یونیورسٹی میں داخلہ کی زبردست خواہش پیدا ہوئی۔ چنانچہ 1968ء کے دوران شاہ سعود کی خدمت میں علم دین حاصل کرنے کی خواہش کا اظہار کیا ان سے پورے 9 سال (1973ء) تک خط و کتابت رہی۔ اس طویل عرصہ میں بڑے صبر آزما دور سے گزر ہوا مگر اللہ تعالیٰ کی توفیق سے بالآخر مدینہ یونیورسٹی میں داخلہ ممکن ہوا۔ اس عرصہ میں اس وقت کے زعماء سید داؤد غزنوی، مولانا محمد اسماعیل سلفی، سید ابوالاعلیٰ مودودی، سید ابوبکر غزنوی، مولانا حافظ محمد عبداللہ روپڑی، حافظ عبدالقادر روپڑی اور متعدد دیگر علماء سے داخلہ کے لئے مدد حاصل کی۔ بے پناہ سرمایہ بھی صرف ہوا مگر بالآخر اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول برحق کے محبوب ترین شہر مدینہ میں قال اللّٰہ و قال الرسول کے مرحلے طے کرنے کی سعادت عطا فرمائی، الحمدللہ۔ بلکہ واجعل لی وزیراً" من اھلی جو دعا ج بیت اللہ پر بارگاہ صمدیت میں کی گئی وہ بھی قبول ہوئی اور اپنے سعادت مند فاضل بیٹے خالد مدنی کو بھی اللہ تعالیٰ نے ایک طویل عرصہ میں مدینہ منورہ میں کتاب و سنت کا علم حاصل کرکے میرا دنیا و آخرت میں وزیر بنا دیا۔ یہاں پر اپنے سب سے بڑے محسن میجر میاں محمد اسلم شہید امریکہ کا ذکر خیر کئے بغیر سلسلہ نامکمل ہوگا کیونکہ ان کی شیوخ جامع خاص کر سماحہ شیخ عبدالعزیز بن عبداللہ بن باز جو اس وقت مدینہ یونیورسٹی کے وائس چانسلر تھے، سے روابط کرکے داخلہ کے حصول کے لئے کوشش کی جبکہ مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی کا داخلہ کے لئے شیخ کے نام خصوصی مکتوب نے خاص اثر کیا کیونکہ سید داؤد غزنوی اور سید ابوالاعلیٰ مودودی دونوں مدینہ یونیورسٹی کے پاکستان سے بنیادی ممبر تھے۔ جب کہ ان دنوں میں سید داؤد غزنوی وفات پا گئے تھے۔ جن کے ساتھ میرے والد محترم کے مذہبی تعلقات استوار تھے۔

مزید اسلامی تعلیم

مدینہ یونیورسٹی میں سات سال تک تعلیم حاصل کرنے کے بعد حرم نبوی یعنی مدینہ منورہ میں مسجد نبوی میں شیوخ و اساتذہ، محدثین و علماء کے حلقات دروس میں زانوئے تلمذ اختیار کیا اور اس طرح دینی و اسلامی فیوض و برکات سے بھرپور استفادہ کا موقع ملا۔

عمومی تعارف

بانی رئیس ادارہ اشاعت اسلام، فیض یافتہ مدینہ یونیورسٹی و مسجد نبوی شریف، اسلامک ریسرچ سکالر، اسلامی مقنن، صحافی، ادیب و معالج المدینہ کلینک

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

1- مدینہ یونیورسٹی میں عربی زبان اور اسلامک لاء کی تعلیم حاصل کرنے کی مدت سات سال۔ 2- حرم نبوی شریف میں حاضری اور تالیفات کا دور سات سال۔ 3- لاہور میں تالیفات کا دور سات سال۔ 4- یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے حسن اتفاق ہے کہ اکیس سالہ تعلیم و تالیفات کا دور تین مساوی حصوں میں بٹ گیا۔

مدینہ طیبہ میں تصنیفات

1- عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما 2- علوم حدیث رسول ﷺ 3- شرف المسلم (عربی) 4- حکم تغییر الشیب 5- کیا نبی رحمت مغموم بھی ہو جایا کرتے تھے؟ 6- مولانا' مولائی' سیدی' حضور' مرحوم کے القابات کا استعمال۔ 7- شرف مسلم (اردو) 8- تعویذ اور دم کی شرعی حیثیت۔ 9- مدینہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم

ان تصنیفات کے علاوہ سرزمین مقدس حجاز میں اپنے طویل قیام کے دوران متعدد حج بیت اللہ' عمرے' مسنون زیارات کا شرف اپنے اہل و عیال کے ساتھ حاصل ہوا جس سے گناہ دھل گئے۔ جسم اسلام کے لئے صیقل ہو گئے اور یہ ایک بہت بڑی سعادت ہے جس سے اللہ تعالیٰ نے اپنے خاص فضل و کرم سے نوازا ہے' الحمدللہ۔

لاہور میں تصنیفات

باقی کتب جو لاہور آمد پر 1994ء تک لکھی گئیں ان کی تعداد اکیس(۲۱) بنتی ہے۔ آمد مدینہ منورہ کے بعد لاہور میں 1988ء سے 1994ء تک باقی کتب جن کے نام فہرست کتب میں موجود ہیں' اس عرصہ میں تالیف کی گئیں' الحمدللہ۔ جب کہ مزید تالیفات کا کام جاری ہے۔

گر قبول افتد زہے عز و شرف

وما توفیقی الا باللہ

25 - 7 - 96

آپ کی وفات 2 مئی 1997ء بروز جمعہ المبارک کو ہوئی

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

★ حرف آغاز ★

الحمد للّٰہ رب العالمین والصلاۃ والسلام علی خاتم الانبیاء و سید المرسلین و بعد۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے' اے مومنو کیا تمہیں وہ تجارت بتلا دوں جو تمہیں دردناک عذاب سے بچا لے تم اللہ تبارک و تعالیٰ اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ اور اللہ کی راہ میں اپنے مال اور اپنی جان سے جہاد کرو یہ تمہارے لئے بہتر ہے اگر تم میں علم ہو۔ (سورت الصف آیت/10' 11)

اس ارشاد باری تعالیٰ میں سب سے پہلے جس چیز کا حکم دیا گیا ہے وہ اللہ رب العالمین اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لانا ہے یعنی شرک سے بچنا اور پھر جہاد کرنا اللہ کی راہ میں اپنے مال اور اپنی جان سے۔ اس آیت میں رب العالمین نے ایمان کو جہاد پر مقدم کیا ہے اس کا مطلب اور مفہوم ظاہر اور واضح ہے کہ مشرک انسان غیر مسلم انسان کا جہاد نہیں ہوتا اور اسی طرح کسی مشرک کے ساتھ مل کر بھی جہاد نہیں کیا جا سکتا کیونکہ جہاد اسلامی کا اصل مقصد ہی دین اسلام کی سربلندی ہے یعنی کلمہ توحید **لا الٰہ الا اللّٰہ محمد رسول اللّٰہ**

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

کو بلند کرنا اور نافذ کرنا ہے۔

جہاد اسلامی کے لئے شارع نے کچھ احکام و ضوابط مقرر کئے ہیں جن میں :

★ مجاہد کا مسلمان ہونا۔

★ مجاہد کا بالغ ہونا۔

★ مجاہد کے اگر والدین زندہ ہیں تو ان سے اجازت لینا۔

★ سلطنت اسلامیہ کا وجود ہونا یعنی ایسی مملکت کا وجود ہو جس مملکت میں اسلامی قانون کا نفاذ ہو۔

کسی بھی مظلوم مسلمان کی مدد کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے حسب استطاعت' لیکن اسے جہاد کا نام نہیں دیا جائے گا۔

رب ذوالجلال نے شہداء کے درجات بہت بلند کئے ہیں جب کہ شہید کی کچھ خصوصیات بھی ہیں۔

★ شہید کے خون کا پہلا قطرہ زمین پر گرنے سے پہلے اس کی مغفرت ہو جاتی ہے۔

★ اسے جنت میں اس کا گھر دکھلایا جاتا ہے۔

★ قبر کے عذاب سے محفوظ رہتا ہے۔

★ فزع الاکبر سے محفوظ رہتا ہے۔

★ ایمان کا زیور پہنایا جاتا ہے۔

★ حور عین سے اس کی شادی کی جاتی ہے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

★ اپنے ستر رشتہ داروں کی شفاعت کر سکتا ہے۔ (احکام الجنائز/21)

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم سے دریافت کیا کہ تم لوگ شہید کس کو کہتے ہو؟

تو صحابہ کرام نے عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شہید وہ ہے جو اللہ رب العالمین کی راہ میں اپنی جان کا نذرانہ پیش کرتا ہے۔

تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا' اس طرح تو میری امت کے شہداء بہت کم ہوں گے۔

تو صحابہ کرام نے عرض کی یا رسول اللہ تو وہ کون ہیں؟

آپ نے فرمایا :

1- جو اللہ کی راہ میں قتل کیا گیا ہو وہ بھی شہید ہے۔

2- جس انسان کی موت مرض طاعون کی وجہ سے ہو وہ بھی شہید ہے۔

3- جس انسان کی وفات کسی پیٹ کے مرض کی وجہ سے ہوئی ہو وہ بھی شہید ہے۔

4- جس انسان کی وفات ڈوبنے کی وجہ سے ہو وہ بھی شہید ہے۔

★ اس طرح مزید احادیث میں آپ نے فرمایا :

5- جس انسان کی وفات کسی چیز کے نیچے دب جانے کی وجہ سے ہوئی ہو وہ بھی شہید ہے۔

6- جس عورت کی وفات بچہ کی پیدائش کی وجہ سے ہوئی ہو وہ بھی شہید ہے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

7- جس انسان کی وفات ذات الجنب (کی بیماری) کی وجہ سے ہو وہ بھی شہید ہے۔

8- جس انسان کی وفات آگ سے جل جانے کی وجہ سے ہو وہ بھی شہید ہے۔

9- جو انسان اپنے مال کی حفاظت کرتا ہوا مارا جائے وہ بھی شہید ہے۔

10- جو انسان اپنے اہل و عیال کی حفاظت کرتا ہوا مارا جائے وہ بھی شہید ہے۔

11- جو انسان اپنے دین اسلام کا دفاع کرتے ہوئے مارا جائے وہ بھی شہید ہے۔

12- جو انسان اپنی حفاظت کرتا ہوا مارا جائے وہ بھی شہید ہے(1)۔

محترم جناب! والد ماجد نے یہ کتابچہ مدینہ منورہ میں تحریر کیا تھا اس کتابچہ میں قرآن اور سنت کی روشنی میں جہاد کے فضائل بیان کئے گئے ہیں آپ اس کے مطالعہ سے مستفید ہوں گے(2)۔

---

(1)- صحیح بخاری حدیث/652، 720، 2829، 5733 و صحیح مسلم حدیث/437، 1914 و سنن ابی داؤد حدیث/3111، 5245 و سنن نسائی حدیث/1846 و جامع ترمذی حدیث/225، 1063، 1958 سنن ابن ماجہ حدیث/2803 و مسند احمد: 2/236، 278، 303، 374، 485، 533، 5/446 و موطا امام مالک حدیث/136، 269، 493 المشکاۃ حدیث/1561 اور دیکھئے احکام الجنائز/22 و صحیح الجامع حدیث/3739، 3741، 4438، 4439، 6445، 6446، 6449۔

(2)- کتابچہ کے آخر میں مزید فائدہ کے لئے کتب احادیث میں جہاد کے بارے میں جتنی احادیث ہیں وہ بیان کر دی گئی ہیں۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

اللہ رب العالمین سے التجا کرتا ہوں کہ ہمیں شہداء کی موت نصیب فرمائے اور ہمارے والد ماجد اور والدہ ماجدہ پر اپنی خاص عنایت فرمائے اور انہیں جنت الفردوس عطا فرمائے' آمین۔

والحمد للہ رب العالمین

خالد مدنی

14 اگست 1998ء

✶ ✶ ✶ ✶ ✶
✶ ✶ ✶ ✶
✶ ✶ ✶

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

★ پیش لفظ ★

الحمدللّٰہ رب العالمین والصلاۃ والسلام علی خاتم الانبیاء و سید المرسلین۔

تمام تعریفیں تمام جہانوں کے رب پروردگار کیلئے ہیں اور دورد و سلام ہو نبیوں میں سے آخری نبی اور رسولوں کے سردار حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم فداہ امی و ابی پر۔

★ جمعہ کا مبارک دن ہے مسجد نبوی میں منبر رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے قریب دو صحابہ محو گفتگو ہیں ایک دوسرے سے مخاطب ہو کر بولے کہ بے شک اسلام میں حجاج کرام کو پانی پلانا ہی سب سے اہم عمل ہے۔ دوسرے نے اس کے جواب میں کہا کہ نہیں بلکہ اسلام میں جہاد فی سبیل اللہ افضل عمل ہے۔ ان دو صحابہ کرام کی آوازیں قدرے بلند ہوئیں تو حضرت عمرفاروق رضی اللہ عنہ جو پاس ہی تشریف فرما تھے ان صحابہ کو ڈانٹ پلاتے ہوئے کہا کہ منبر رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

قریب اپنی آوازوں کو بلند نہ کریں معاملہ دب گیا مگر جب نماز جمعہ سے فراغت ہوئی تو یہ صحابہ خدمت رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں پیش ہوئے اور اپنے اختلافات کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں استفسار کی شکل میں پیش کیا۔ اس سے پیشتر کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس سلسلہ میں کچھ فرماتے عرش الٰہی سے بذریعہ جبرائیل علیہ السلام ان آیات مبارکہ کا نزول ہوا۔

★ اجعلتم سقاية الحاج و عمارة المسجد الحرام كمن امن باللّٰه واليوم الآخر و جاهد فى سبيل اللّٰه لا يستون عنداللّٰه واللّٰه لا يهدى القوم الظالمين (سورت التوبہ آیت/19) (تلخیص

حدیث صحیح مسلم کتاب الامارہ باب فضل الشهادة فى سبيل اللّٰه' حدیث/1879)

ترجمہ: کیا تم لوگوں نے حجاج کرام کو پانی پلانے اور مسجد حرام کی مجاوری و حفاظت کرنے کو اس شخص کے کام کے برابر سمجھ لیا ہے جو ایمان لایا اللہ تعالیٰ اور اور روز آخرت پر اور جہاد فی سبیل اللہ کیا۔ اللہ تعالیٰ کے نزدیک یہ دونوں برابر نہیں ہیں اور اللہ تعالیٰ ظالموں کی رہنمائی نہیں فرماتے

★ اس افضل ترین عمل جس کو جہاد فی سبیل اللہ یا قتال فی سبیل اللہ کہا جاتا ہے' کی فضیلت کے متعلق نبی رحمت حضرت محمد مصطفیٰ رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

★ قال رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم لغدوة فى سبيل

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

اللّٰہ اور وحہ خیر من الدنیا وما فیھا۔ (صحیح مسلم کتاب الامارۃ باب فضل الغدوۃ والروحہ فی سبیل اللّٰہ' حدیث/1880)

ترجمہ : اللہ تعالیٰ کے راستہ میں صبح سے زوال اور زوال سے آخری دن تک سفر کی افضلیت کا مقام اتنا بلند تر ہے کہ دنیا جہان میں خزائن و مال سے بھی بہتر تر ہے۔

* * * * *
* * * *
* * *

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

★ جہاد کی تعریف ★

★ **الجہاد**: اس کا مصدر ہے جاہد لغت میں استفراغ الوسع فی مدافعه العدو اپنی وسعت کے مطابق دشمن کی مدافعت کرنا اصطلاحاً" یا شرعاً"۔

★ بذل الجهد فی قتال الکفار (عندالبعلی و ابن حجر. فی القاموس الفقهی لغه واصلاحا")

شرعاً" کفار کے قتل میں کوشش کرنا (یعنی حفاظت دین اور اللہ تعالیٰ کے کلمہ کو بلند کرنے کے لئے جنگ کرنا) جب کہ علامہ الحصکفی فرماتے ہیں کہ شرعاً" الدعاء الی الدین الحق و قتال من لم یقبله، دین حق کی دعوت کو ٹھکرانے والوں کے خلاف قتل کرنا (1)۔

★ ★ ★ ★ ★
★ ★ ★ ★
★ ★ ★

(1)۔ مزید دیکھئے، ترتیب القاموس المحیط 546/1، التعریفات/80، لسان العرب 135/3، معجم لغه الفقہاء/168، النھایہ فی غریب والاثر 319/1 (خالد مدنی)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

★ کتاب اللہ سے دلائل ★

اب اس افضل ترین عمل کے لئے کتاب اللہ عزوجل اور سنت رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے بعض دلائل ملاحظہ فرمائیں :

اس جہاد کی عملی صورت کو اللہ تعالیٰ اور اس کے برگزیدہ رسول حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے زبان، جسم و جان، مال اور ہر قسم کی قوت کو استعمال سے تعبیر فرمایا ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنی کتاب مقدس میں فرماتے ہیں :

★ وجاهدوا فى الله حق جهاده (سورت الحج آیت/78)

ترجمہ: اور جہاد کرو اللہ تعالیٰ کے راستہ میں جیسا کہ جہاد کرنے کا حق ہے۔

خالق کائنات نے جہاد کو مومنوں کے لئے ایک ایسی تجارت قرار دیا ہے جو جہنم سے نجات دلاتی ہے۔

★ يايها الذين امنوا هل ادلكم على تجارة تنجيكم من عذاب اليم ○ تومنون بالله و رسوله و تجاهدون فى سبيل الله باموالكم وانفسكم ذلكم خير لكم ان كنتم

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

تعلمون (سورت الصف آیت/11'10)

ترجمہ: اے لوگو جو ایمان لائے ہو تمہیں ایسی تجارت نہ بتائیں جو عذاب سخت سے بچائے اپنے اللہ تعالیٰ اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لاؤ اور اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرو اپنے مال اور جانوں سے یہی تمہارے لئے بہتر ہے اگر تم جانتے ہو۔

رب کائنات فرماتے ہیں :

* انفروا خفافا وثقالا وجاهدوا باموالكم وانفسكم فى سبيل الله ذلكم خير لكم ان كنتم تعلمون (سورت التوبہ/41)

ترجمہ: نکلو خواہ تم ہلکے ہو یا بوجھل اور جہاد کرو اللہ تعالیٰ کے راستہ میں اپنے مالوں اور اپنی جانوں سے یہی تمہارے لئے بہتر ہے اگر تم جانتے ہو۔

پھر جہاد کرنے والوں کے بارے میں ان کی فضیلت کے متعلق یوں فرمایا :

* لا يستوى القاعدون من المومنين غير اولى الضرر والمجاهدين فى سبيل الله باموالهم وانفسهم فضل المجاهدين باموالهم وانفسهم على القاعدين درجه وكلا وعدالله الحسنى و فضل الله المجاهدين على القاعدين اجرا عظيما (سورت النساء آیت/95)

ترجمہ: مسلمانوں سے وہ لوگ جو کسی عذر کے بغیر گھر میں بیٹھے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

رہیں اور جو اللہ کی راہ میں جان و مال سے جہاد کرتے ہیں دونوں کی حیثیت برابر نہیں ہے اللہ تعالیٰ نے بیٹھنے والے کی نسبت جان و مال سے جہاد کرنے والوں کا درجہ اونچا رکھا ہے اگرچہ ہر ایک کے لئے اللہ تعالیٰ نے بھلائی ہی کا وعدہ فرمایا ہے مگر اس کے ہاں مجاہدوں کی خدمات کا معاوضہ بیٹھنے والوں سے بہت زیادہ ہے ان کے لئے اللہ تعالیٰ کی طرف سے بڑے درجات ہیں اور مغفرت و رحمت ہے اور اللہ تعالیٰ بڑا معاف کرنے والا اور رحم فرمانے والا ہے۔

اسی جہاد عالی شان کے متعلق ہی اللہ تعالیٰ نے کفار کے مقابلہ میں اپنی قوت کو مجتمع کرنے کا حکم یوں مسلمانوں کو دیا ہے۔

★ واعدوالهم ما استطعتم من قوة و من رباط الخيل ترهبون به عدوالله وعدوكم وآخرين من دونهم لاتعلمونهم الله يعلمهم (سورت الانفال آیت/60)

ترجمہ: اپنی طاقت کے مطابق زیادہ سے زیادہ اپنی قوت اور جنگ کے لئے تیار گھوڑوں کو مجتمع رکھو تاکہ ان کے ذریعہ سے تم اللہ کے دشمنوں' اپنے دشمنوں اور ان نامعلوم دشمنوں کو خوف زدہ کر سکو جن کو تم نہیں جانتے مگر تمہارا اللہ ان کو جانتا ہے۔

اور یہی وہ جہاد عظیم ہے جس کی فضیلت اللہ تعالیٰ نے کلام مبارک میں یوں ارشاد فرمائی ہے :

★ ان الله اشترى من المومنين انفسهم واموالهم بان لهم

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

الجنة يقاتلون فی سبیل اللّه فیقتلون و یقتلون وعدا علیه حقا فی التوراة والانجیل و القرآن ومن اوفی بعهده من اللّه فاستبشروا ببیعکم الذی بایعتم به و ذلک هوالفوزالعظیم (سورت التوبہ آیت/111)

ترجمہ: در حقیقت اللہ تعالیٰ نے مومنوں سے ان کے جان و مال جنت کے بدلہ میں خرید لئے ہیں وہ اللہ تعالیٰ کے راہ میں قتال کرتے اور قتل ہوتے اور قتل کرتے ہیں (مارتے بھی ہیں اور مرتے بھی ہیں) ان سے اللہ تعالیٰ کا جنت کا وعدہ آسمانی مقدس کتابوں تورات' انجیل اور قرآن مجید میں مذکور ہے اور وہ کون ہے جو اللہ تعالیٰ سے بڑھ کر اپنے عہد کو پورا کرنے والا ہے پس خوش ہوجاؤ اپنے اس سودے پر جو اللہ سے تم نے کرلیا ہے اور یہی ہی سب سے بڑی عظیم تر کامیابی ہے۔

* * * * *
* * * *
* * *

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

★ سنت رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے دلائل ★

اب جہاد کے بارے کچھ ارشادات نبوی ملاحظہ کریں :

★ عظیم الشان صحابی رسول حضرت سعید خدری حدیث بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا گیا کہ انسانوں میں افضل و فضیلت والا انسان کون ہے تو آپ نے فرمایا وہ مومن جو اللہ تعالیٰ کی راہ میں اپنے مال و جان کو نچھاور کر دیتا ہے۔ (صحیح البخاری کتاب الجہاد باب افضل الناس مومن مجاھد بنفسہ و مالہ فی سبیل اللہ)

نبی مصدوق نے فرمایا :

★ القتل فی سبیل اللّٰہ یکفر کل شئی الا الدین (صحیح مسلم کتاب الامارۃ باب من قتل فی سبیل اللّٰہ کفرت خطایاہ' حدیث/1886)

ترجمہ : اللہ تعالیٰ کے راستہ میں قتل ہونا قرض کے سوا سب گناہوں کا کفارہ ہے۔

یہی قتل فی سبیل اللہ ہی تو ہے جس کے متعلق آقائے مدنی نے ذکر نہ کرنے والوں کے متعلق فرمایا :

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

★ من مات ولم یغز ولم یحدث به نفسه مات علی شعبة من نفاق (صحیح مسلم کتاب الامارۃ باب ذم من مات ولم یغنر ولم یحدث نفسه بالغزو، حدیث/1910)

ترجمہ: ایسا شخص جو نہ تو جہاد کی خواہش رکھتا ہو اور نہ ہی اس نے جہاد کیا ہو گویا کہ وہ نفاق کی حالت میں مرا۔

مگر جس شخص نے شہادت کی صدق دل سے تمنا کی اگرچہ اسے قتال فی سبیل اللہ کا موقعہ نہ ملا تو مخبر صادق الامین نے اسے خوشخبری سے نوازا ہے۔

★ قال من سال اللّٰہ الشہادۃ بصدق بلغه اللّٰہ منازل الشہداء وان مات علی فراشه (صحیح مسلم کتاب الامارۃ باب استحباب طلب الشہارۃ فی سبیل اللّٰہ، حدیث/1909)

ترجمہ: اللہ تعالیٰ کے فرستادہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اخلاص سے شہادت کی تمنا رکھتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسے شہداء کی منازل میں پہنچائے گا۔ اگرچہ وہ بستر پر ہی فوت ہوا ہو۔

★ یوں تو جہاد فی سبیل اللہ، شہادت اور شہید کے درجات و فضائل کے متعلق کتب حدیث میں بہت سی صحیح احادیث موجود ہیں مگر میں بعض احادیث کا ملخص پیش کر کے اس موضوع کی اہمیت واضح کروں گا۔

محمد عربی صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

★ مجاہدین کے لئے جنت میں ایک سو درجات مخصوص کئے گئے ہیں۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

★ مجاہدین مومنوں میں سے مکمل ترین ایمان کے مالک ہوتے ہیں۔
★ جو اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کی کفالت فرماتے ہیں۔
★ جہاد فی سبیل اللہ میں گرد آلود چہروں اور پاؤں کی بڑی قدر و منزلت بیان فرمائی گئی ہے کیونکہ ان گرد آلود چہروں اور پاؤں کو آگ سے بچاؤ کی بشارت دی گئی ہے۔
★ شہیدوں کو فرشتے اپنے پروں کے سایہ میں ڈھانپ لیتے ہیں۔
★ شہداء ہی کی خواہش ہوگی کہ وہ دنیا میں دوبارہ جائیں اور پھر اللہ تعالیٰ کے راہ میں شہادت کا رتبہ حاصل کریں۔
★ مجاہدین ہی کے لئے یہ عظیم خوشخبری دی گئی ہے کہ تلواروں کے سایہ میں جنت ہے۔

ان احادیث صحیحہ کے علاوہ اور بھی احادیث ذخیرہ احادیث میں موجود ہیں مگر میں ان احادیث پر ہی اپنی بات اس سے پہلے کہ ختم کردوں دو چند مزید تفصیلی احادیث بیان کرتا ہوں جس سے جہاد فی سبیل اللہ کرنے والوں کی عزت و عظمت کا اظہار ہوتا ہے۔
★ نبی مختار احمد مجتبیٰ حضرت محمد مصطفیٰ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

حرمة نساء المجاهدين على القاعدين كحرمة امهاتهم (صحیح مسلم کتاب الامارة باب حرمة نساء المجاهدين واثم من خانهم

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

فیھن، حدیث/1897)

ترجمہ: مجاہدین کی مستورات ان کی عدم موجودگی میں ان کے نگہبانوں کے لئے اپنی ماں کی عزت و ناموس کی طرح ہوتی ہیں۔

★ نبی رحمت صلی اللہ علیہ وسلم نے مال سے مجاہدین کی امداد کی تمثیل یوں فرمائی :

★ جاء رجل بناقة مخطومة فقال هذه في سبيل الله فقال رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم لک بھا یوم القیامة سبع مائة ناقة كلها مخطومة (صحیح مسلم کتاب الامارۃ باب فضل الصدقہ فی سبیل اللہ، حدیث/1892)

ترجمہ: ایک شخص آپ کی خدمت میں ایک بنی سنوری اونٹنی اللہ تعالیٰ کے راستہ میں پیش کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ کے محبوب نبی صلی اللہ علیہ وسلم اس کو خوشخبری سناتے ہیں کہ تمہارے لئے قیامت کے روز ایسی بنی سنوری سات سو اونٹنیاں ہوں گی۔

مال و جان سے خالص اللہ تعالیٰ کے راستہ میں جہاد کرنا اللہ تعالیٰ کے ہاں افضل ترین عمل ہے اس عمل کی فضیلت اللہ تعالیٰ کے ہاں کتنی عظیم تر ہے اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں :

★ ولا تحسبن الذين قتلوا في سبيل الله امواتا بل احياء عند ربهم يرزقون (سورت آل عمران آیت/16ر)

ترجمہ: اور جو لوگ اللہ تعالیٰ کی راہ میں قتل ہوئے ان کو مردہ نہ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

تصور کرو بلکہ وہ تو اللہ تعالیٰ کے ہاں سے اپنا رزق پا رہے ہیں۔

★ ولا تقولوا لمن یقتل فی سبیل اللّٰہ اموات بل احیاء ولکن لا تشعرون (سورت البقرہ آیت/154)

ترجمہ: اور مردہ نہ کہو جو اللہ تعالیٰ کے راستہ میں مارے گئے ہیں بلکہ وہ تو زندہ ہیں مگر تمہیں ان کی زندگی کا شعور نہیں۔

نصوص قرآن کریم اور احادیث مبارکہ سے ثابت ہے کہ اللہ تعالیٰ کے ہاں عمل جہاد محبوب اور افضل ترین عمل ہے مگر جہاد جیسا مقبول عمل بھی ان لوگوں کے لئے محض اس وقت مقبول ہوتا ہے جن کے والدین زندہ ہوں اور وہ جہاد کے لئے اپنی اولاد کو اجازت دیں اس سلسلہ میں صحیح البخاری، صحیح مسلم، سنن ابی داؤد، سنن الترمذی، سنن النسائی، سنن ابن ماجہ، مسند احمد بن حنبل اور مسند ابی داؤد الطیالسی میں احادیث موجود ہیں۔ ان میں سے کچھ یہ ہیں :

★ حدیث عبداللّٰہ بن عمر رضی اللّٰہ عنہما : یقول جاء رجل الی النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم فاستاذنہ فی الجہاد فقال احی والداک قال نعم قال ففیہما فجاہد (صحیح البخاری کتاب الجہاد باب الجہاد باذن الابوین، حدیث/3004 و حدیث/5972 و صحیح مسلم کتاب البر والصلہ والآداب باب بر الوالدین وانہماء حق حدیث/2549)

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عمر العاص روایت کرتے ہیں کہ ایک شخص نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوکر جہاد کی اجازت

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

طلب کی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا کہ تمہارے والدین زندہ ہیں؟ اس نے جواب دیا ہاں' تو آپ نے فرمایا ان کی خدمت کرو۔

✶ اسی طرح النسائی میں فرمان نبوی ہے :

✶ ان جاهمة جاء الى النبى صلى الله عليه وسلم فقال يا رسول الله اردت ان اغزوا وقد جئت استشيرک فقال هل من ام قال نعم قال فالزمها فان الجنة تحت رجليها

(حسن صحیح و ابن ماجہ حدیث/2781 و سنن النسائی کتاب الجہاد باب الرخصة فی التخلف لمن له والدة حدیث/3104)

ترجمہ : حضرت جاھمہ رضی اللہ عنہ نبی کریم حضرت محمد مصطفیٰ رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ میں نے جہاد کا عزم کیا ہے لہٰذا آپ سے مشورہ کی خاطر حاضر ہوا ہوں تو آپ نے جاھمہ سے پوچھا کیا تمہاری والدہ زندہ ہیں؟ جاھمہ نے جواب دیا ہاں تو آپ نے فرمایا اپنی ماں کی خدمت کرو کیونکہ جنت تمہاری ماں کے قدموں تلے ہے۔

ان احادیث مبارکہ اور دیگر احادیث مبارکہ سے ثابت ہوتا ہے کہ جن جوانوں کے والدین زندہ ہوں ان سے جہاد کی اجازت لازمی امر ہے کہ وہ برضا و رغبت جہاد کی اجازت دیں تو جہاد ضروری ہے۔ اگر وہ اجازت نہ دیں تو ان کی خدمت جہاد سے افضل ہے۔

لہٰذا والدین کی خدمت جہاد جیسے اہم فریضہ کو بھی ساکت کر دیتی

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

ہے اور ایسی صورت میں والدین کی اجازت کے بغیر جہاد جائز نہیں مگر یہ شرط جہاد فرض کفایہ کے لئے ہے جب کہ فرض عین میں یہ حکم لاگو نہیں ہوگا۔

★ اے اہل پاک و ہند کے رہنے والو' تمہارے لئے ایک بہت بڑی خوشخبری ہے۔

★ ★ ★ ★ ★
★ ★ ★ ★
★ ★ ★

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

✶ حدیث غزوۃ الھند ✶

✶ عن ثوبان مولی رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم قال :
قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم اعصابتان من امتی
احرزھما اللّٰہ من النار عصابۃ تغزو الھند و عصابۃ تکون
مع عیسی بن مریم علیھما السلام(1)

ترجمہ : حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میری امت کے دو گروہوں کو اللہ تعالیٰ آگ سے نجات دے گا ان میں ایک گروہ وہ ہوگا جو ہندوستان سے جنگ کرنے میں شامل ہوگا اور دوسرا وہ گروہ ہوگا جو عیسیٰ بن مریم کے ساتھ ہوگا۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں جہاد جیسی نعمت ادا کرنے کی توفیق عنایت فرمائے۔ (آمین)

---

(1)- صحیح، سنن النسائی کتاب الجہاد باب غزوۃ الھند حدیث نمبر 3175/2975، مسند احمد 278/5،
احادیث الصحیحہ حدیث/1934 و صحیح الجامع الصغیر حدیث/4012

✶ ✶ ✶ ✶ ✶

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

★ کتب احادیث میں جہاد کے بارے میں احادیث ★

★ ((**فضل المجاهد فی سبیل اللّٰه**))

صحیح البخاری: کتاب 56 باب 1، 2، و صحیح مسلم: کتاب 33 حدیث 110، و جامع الترمذی: کتاب 20 باب 17، و سنن النسائی: کتاب 23 باب 78، کتاب 25 باب 16، 17، 39، و سنن ابن ماجہ: کتاب 24 باب 1، کتاب 36 باب 20، و موطا امام مالک: کتاب 21 حدیث 1، 4، و مسند امام احمد: 311/1، 319، 322، 338، 345، 416، 167/2، 174، 175، 177، 223، 344، 361، 396، 438، 446، 459، 465، 522، 523، 524، 6/3، 19، 37، 56، 75، 88، 439، 440، 272/4، 266/5، 269، و مسند الطیالسی: حدیث 36، 560، 724، 2283، 2631-

★ ((**رجل ممسک بعنان فرسه فی سبیل اللّٰه و رجل معتزل**))

صحیح مسلم: کتاب 33 حدیث 122 - 127، و جامع الترمذی: کتاب 20 باب 17، 18، و سنن ابن ماجہ: کتاب 36 باب 13، و سنن الدارمی: کتاب 16 باب 6، 7 و مسند امام احمد: 266/3-

★ ((**حقیة الجهاد**))

صحیح البخاری: کتاب 3 باب 35، و جامع الترمذی: کتاب 20 باب 2-

★ ((**افضل الجهاد**))

جامع الترمذی: کتاب 31 باب 13، و سنن النسائی: کتاب 23 باب 49، کتاب 39 باب 38 و سنن ابن ماجہ: کتاب 24 باب 15، کتاب 36 باب 20، و سنن الدارمی: کتاب 16 باب 3، و مسند امام

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

احمد: 3/19، 300، 302، 346، 391، 411، 4/114، 315، 5/251، 256، 6/20، 21، 22

★ ((الجهاد افضل العمل))

صحیح البخاری: کتاب 25 باب 4، و صحیح مسلم: کتاب 33 حدیث 122، کتاب 56 حدیث 1، و سنن ابی داؤد: کتاب 20 باب 1، و جامع الترمذی: کتاب 20 باب 22، کتاب 21 باب 33 و سنن النسائی: کتاب 24 باب 4، کتاب 25 باب 17، 32 و سنن الدارمی: کتاب 16 باب 1، 4، و مسند امام احمد: 1/14، 226، 311، 319، 322، 2/32، 308، 330، 446، 3/37، 41، 57، 411، 5/231، 234، 235، 237، 318-

★ ((اول آیۃ نزلت فی القتال))

مسند امام احمد: 1/216-

★ ((فضل رباط یوم فی سبیل اللّٰہ))

صحیح البخاری: کتاب 56 باب 73، و صحیح مسلم: کتاب 33 حدیث 163، و سنن ابی داؤد: کتاب 15 باب 16، و جامع الترمذی: کتاب 20 باب 12، 26 و سنن النسائی: کتاب 25 باب 10، 39 و سنن ابن ماجہ: کتاب 24 باب 7، 8، و سنن الدارمی: کتاب 16 باب 11، 31 و مسند امام احمد: 1/61، 62، 63، 65، 66، 75، 2/404، 3/437، 4/157، 5/440، 441، 6/20-

★ ((اجر الغازیۃ تغزو فی سبیل اللّٰہ))

مسند امام احمد: 2/169، 446، 4/36، 113، 241، 245-

★ ((من شاب شیبۃ فی سبیل اللّٰہ کانت لہ نورا یوم القیامۃ))

جامع الترمذی: کتاب 20 باب 9 و سنن النسائی: کتاب 25 باب 26-

★ ((اذا اعطی الرجل الشیء فی الغزو فھو لہ))

موطا امام مالک: کتاب 21 حدیث 13، 14-

★ ((فضل الصلاۃ والصوم والذکر فی سبیل اللّٰہ))

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سنن ابی داؤد: کتاب 15 باب 13-

* ((**اجر من قتل مرابطا فی سبیل اللّٰہ**))

سنن الدارمی: کتاب 16 باب 32-

* ((**لغدوۃ فی سبیل اللّٰہ او روحۃ خیر من الدنیا وما فیھا**))

صحیح البخاری: کتاب 56 باب 5، 6، کتاب 81 باب 51، و صحیح مسلم: کتاب 33 حدیث 112-115، و جامع الترمذی: کتاب 20 باب 17، و سنن النسائی: کتاب 25 باب 11، 12، 25، و سنن ابن ماجہ: کتاب 24 باب 2، 9، 15، و سنن الدارمی: کتاب 16 باب 5، 9، و مسند امام احمد: 256/1، 374/2، 446، 532، 533، 132/3، 141، 153، 157، 207، 263، 433، 440، 168/4، 387، 230/5، 235، 243، 244، 266، 314، 316، 319، 326، 330، 339، 422 20/6، 401، و مسند الطیالسی: حدیث 87، 2699-

* ((**من اغبرت قدماہ فی سبیل اللّٰہ**))

صحیح البخاری: کتاب 56 باب 16، و سنن ابی داؤد: کتاب 20 باب 7، 8، و سنن النسائی: کتاب 25 باب 8، 9، و سنن ابن ماجہ: کتاب 24 باب 9، و سنن الدارمی: کتاب 16 باب 8، و مسند امام احمد: 256/2، 340، 342، 441، 505، 367/3، 379، 225/5، 226 443/6، و مسند الطیالسی: حدیث 1772، 2443-

* ((**ان فی الجنۃ مائۃ درجۃ اعدھا اللّٰہ للمجاھدین فی سبیلہ**))

صحیح البخاری: کتاب 97 باب 22، و صحیح مسلم: کتاب 33 حدیث 116، و سنن النسائی: کتاب 25 باب 18، 19، و مسند امام احمد: 335/2

* ((**من حبسہ العذر عن الغزو**))

صحیح البخاری: کتاب 56 باب 35، و صحیح مسلم: کتاب 33 حدیث 159، و جامع الترمذی: کتاب 21 باب 1، و سنن ابن ماجہ:

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

کتاب 24 باب 6' و سنن ابی داؤد: کتاب 15 باب 19' و سنن الدارمی: کتاب 16 باب 27' و مسند امام احمد: 3/214-

